

Workers' Compensation Board

# آپ کے ورکرز کمپنسیشن فوائد

**ورکرز کمپنسیشن کام سے متعلق چوٹ یا بیماری کے علاج کے لیے نگہداشتِ صحت کی ادائیگی کرتا ہے۔ یہ آپ کو ضائع شدہ اجرتوں کے فوائد کی بھی ادائیگی کرتا ہے۔**

## اگر آپ اپنی ملازمت کی وجہ سے زخمی ہوئے یا بیمار پڑ گئے تھے

1. تو فوری طبی نگہداشت حاصل کریں۔ اپنے نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ (فراہم کنندگان) کو بتائیں کہ آپ کام سے متعلق چوٹ یا بیماری میں مبتلا ہیں۔
2. اپنے آجر کو، تحریری صورت میں بتائیں، کہ آپ کب، کہاں اور کیسے زخمی ہوئے تھے۔ یہ چوٹ لگنے کے 30 دنوں کے اندر کریں۔
3. ورکرز کمپنسیشن بورڈ (بورڈ) کو اپنی چوٹ/بیماری کی اطلاع دیتے ہوئے جلد از جلد ایک ***ملازم کا دعوی (فارم C-3)*** دائر کریں۔ براہ کرم نوٹ فرمائیں، دعویٰ آپ کے چوٹ/بیماری میں مبتلا ہونے کے دو سال کے اندر دائر کیا جانا چاہیئے۔ اگرچہ آپ کے آجر پر بھی اس واقعے کی اطلاع دینا لازم ہے، لیکن اس کی اطلاع دینا آپ کے لیے بھی فائدہ مند ہے۔ اگر آپ کو جسم کے اسی حصے پر چوٹ لگی ہے، یا یہی بیماری پہلے بھی تھی، تو آپ کو ***صحت کی معلومات کا محدود انکشاف (فارم C-3.3)*** بھی لازماً دائر کرنا ہو گا۔

### دعویٰ دائر کریں

**جلدی سے:** **wcb.ny.gov** پر جائیں، "دعویٰ دائر کریں" کو منتخب کریں، اور ***ملازم کا دعویٰ (فارم C-3)*** کا ویب ورژن مکمل کر کے فارم آن لائن جمع کروائیں۔

اگر آپ کو ***فارم C-3*** دائر کرنے کے بارے میں سوالات درپیش ہیں، تو براہ کرم **(877) 632-4996** پر کال کریں اور ورکرز کمپنسیشن بورڈ کا نمائندہ آپ کی مدد کرے گا۔

## نگہداشتِ صحت

عموماً، آپ بورڈ کی جانب سے مجاز کردہ کسی بھی نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ، بشمول NYS پیشہ ورانہ صحت کلینک نیٹ ورک کی خدمات استعمال کر سکتے ہیں۔ اس میں بورڈ کے مجاز کردہ معالجین، نرس پریکٹیشنرز اور معالج کے معاونین اور/یا ماہرین جیسے کہ ماہر نفسیات، پوڈیاٹرسٹس، کائرو پریکٹرز، فزیکل تھیراپسٹس، پیشہ ورانہ تھیراپسٹس، ایکیوپنکچرسٹس اور لائسنس یافتہ کلینکل سماجی کارکن شامل ہیں۔ اگر آپ کے آجر کے بیمہ کار کا (یا اگر آجر خود بیمہ شدہ ہوتو اُس کا) ورکرز کمپنسیشن کی طبی نگہداشت کے لیے ترجیح شدہ فراہم کنندہ تنظیم (PPO) نیٹ ورک موجود ہے، تو آپ کو PPO نیٹ ورک سے اپنا ابتدائی علاج وصول کرنا چاہیئے۔

اگر اس بیمہ کار کے پاس بھی فارمیسی یا تشخیصی نیٹ ورک ہے، تو آپ لازمی ان نیٹ ورکس کے اندر سروسز حاصل کریں۔ بیمہ کار آپ کو اپنے درکار فراہم کنندگان نیٹ ورکس اور اُن کو کیسے استعمال کرنا ہے، اس بارے میں لازمی بتائے۔

ورکرز کمپنسیشن علاج، ادویہ یا تجویز کردہ آلات کے لیے جیب سے اخراجات ادا نہ کریں۔ ورکرز کمپنسیشن بیمہ کار ان بلز کی ادائیگی کرتا ہے ماسوائے کہ آپ دعویٰ دائر نہ کریں یا بورڈ فیصلہ کرے کہ یہ ایک درست دعویٰ نہیں ہے۔ اس صورت میں، آپ فراہم کنندہ کو ادائیگی لازمی کریں گے (یا اپنے معمول کے صحت کے بیمہ کار کو بلز جمع کروائیں)۔

آپ بورڈ کی ویب سائٹ، **wcb.ny.gov** پر نگہداشتِ صحت کا مجاز کردہ فراہم کنندہ تلاش کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنی نگہداشت کے سلسلے میں مسائل درپیش ہیں یا آپ کو نگہداشتِ صحت کے مجاز کردہ فراہم کنندہ کو تلاش کرنے میں مدد درکار ہے، تو بورڈ کے **میڈیکل ڈائریکٹر کے دفتر** کو **(800) 781-2362** پر کال کریں۔

## سفری اور دیگر اخراجات

آپ کو مسافت، عوامی نقل و حمل یا علاج یا آزاد طبی معائنوں کے لیے سفر کرنے پر آنے والے دیگر ضروری اخراجات کی باز ادائیگی کی جا سکتی ہے۔ ان اخراجات کی رسیدیں کم از کم ہر چھ ماہ بعد بورڈ اور بیمہ کار کو ***دعویدار کے ریکارڈ برائے طبی اور سفری اخراجات اور باز ادائیگی کی درخواست (فارم C-257)*** کا استعمال کرتے ہوئے جمع کروائیں، جو بورڈ کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔

## فوائد برائے ضائع شدہ اجرتیں

بیمہ کار کو فوری طور پر آپ کی ضائع شدہ اجرت کے فوائد ادا کرنے ہوں گے اگر آپ کی چوٹ یا بیماری:

- آپ کو سات دن سے زیادہ کام کرنے سے روکتی ہے۔
- آپ کے جسم کے ایک حصے کو مستقل طور پر معذور کر دیتی ہے۔
- اس کے نتیجے میں آپ کی تنخواہ کم ہو جاتی ہے کیونکہ آپ اب چند گھنٹے کام کرتے ہیں یا اپنی چوٹ سے پہلے کے کام سے مختلف کام کرتے ہیں۔

## اگر سماعت ہوتی ہے

تو فوائد اکثر خود بخود ادا کیے جاتے ہیں۔ تاہم، بعض اوقات مسائل کو حل کرنے کے لیے سماعتیں درکار ہوتی ہیں۔ اگر سماعت کی ضرورت ہو، تو بورڈ کی جانب سے آپ کو نوٹس موصول ہو گا جس میں سماعت کی وجہ، تاریخ اور وقت کے بارے میں بتایا جائے گا۔ بورڈ کی جانب سے موصول ہونے والی تمام ڈاک کا جائزہ لینا اور بتائے گئے طریقے کے مطابق جواب دینا اہم ہے۔ اپنے ریکارڈز کے لیے نقول رکھیں۔

آپ کو اپنے دعوے میں کسی بھی مرحلے پر ایک اٹارنی، یا لائسنس یافتہ نمائندے کی جانب سے نمائندگی کروانے کا حق حاصل ہے۔ متنازعہ اور پیچیدہ کیسز میں قانونی مشیر مددگار ہو سکتا ہے اور آپ کے دعوے کے سوالات کا جواب دے سکتا ہے۔ یہ شخص آپ سے فیس نہیں ،مانگ سکتا نہ ہی لے سکتا ہے۔ بورڈ قانونی سروسز کے لیے فیس کا تعین کرتا ہے اور اس فیس کی آپ کے ضائع شدہ اجرت کے ایوارڈ سے کٹوتی کی جاتی ہے۔

اپنی سماعتوں میں شرکت کرنا اور یہ فہم و ادراک رکھنا ضروری ہے کہ کیا ہو رہا ہے۔ اگر آپ کے سوالات ہیں تو اپنے قانونی نمائندے سے یا اگر آپ غیر نمائندہ شدہ ہیں تو جج سے پوچھیں۔ آپ ورچوئل سماعتوں کا استعمال کر کے اپنی سماعت میں آن لائن شامل ہو سکتے ہیں یا فون کال کے ذریعے شامل ہو سکتے ہیں۔ ہدایات کے لیے سماعت کا اپنا نوٹس ملاحظہ کریں۔

اگر آپ سماعت میں شامل نہیں ہو سکتے، تو اس کو دوبارہ شیڈول کروانے کے لیے جتنا جلد ممکن ہو بورڈ سے رابطہ کریں۔

## اگر آپ کا دعویٰ متنازعہ ہے

کبھی کبھار، بیمہ کاران دعووں پر تنازعہ کرتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ بیمہ کار اس بات سے اتفاق نہ کرے کہ آپ کی چوٹ یا بیماری کام سے متعلق تھی، یا یہ زور دے کہ آپ کے آجر نے اس کا بیمہ نہیں کروایا، یا کوئی اور وجہ بتائے۔ اگر آپ کا دعویٰ متنازعہ ہے، تو بورڈ سماعت کا انعقاد کروائے گا۔ ورکرز کمپنسیشن کا قانونی جج آپ کے طبی ریکارڈز، اجرتوں، اور دیگر شوائد اور شہادتوں کا جائزہ لے گا۔ جج پھر مسئلے کا تصفیہ کرے گا اور کسی فوائد کے ایوارڈ کا تعین کرے گا۔

آپ یا آپ کے آجر کا بیمہ کار اس فیصلے کے خلاف، دعویٰ دائر کرنے کی تاریخ کے 30 دنوں کے اندر، تحریری صورت میں، اپیل کر سکتے ہیں۔ بورڈ کے تین ممبران اپیل کا جائزہ لیں گے اور اس پر اتفاق کریں گے، اسے تبدیل کریں گے یا اسے مسترد کر دیں گے۔ وہ مزید سماعت بھی طلب کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کا کیس متنازعہ ہے، تو آپ کیس کی سماعت کے دوران معذوری کے فوائد حاصل کرنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ معذوری کے فوائد کے کی درخواست دینے کے لیے، آپ کو بورڈ کی ویب سائٹ پر دستیاب، ***معذوری کے فوائد کے لیے دعوے کا نوٹس اور ثبوت (فارم DB-450)*** جمع کروانا ہو گا۔ آپ مدد کے لیے بورڈ کو کال کر سکتے ہیں یا بورڈ کے دفتر جا سکتے ہیں۔ اگر ورکرز کمپنسیشن بورڈ کا دعویٰ آپ کے حق میں طے پا جاتا ہے، تو معذوری کے فوائد کی کٹوتی آپ کے ضائع شدہ اجرت کے ایوارڈ سے کی جائے گی۔

## آپ کے دعوے کے لیے ٹائم لائن

**طبی علاج:** فوری طبی نگہداشت حاصل کریں۔ چوٹ لگنے کے 15 دنوں بعد ڈاکٹر سے معائنہ کروائیں اور اگر آپ کی مدتِ ضیاع جاری ہے تو پھر ہر 90 دنوں بعد معائنہ کروائیں۔

**اجرت کا متبادل:** اگر آپ معذور ہیں، آپ کا کیس قبول کیا گیا ہے اور آپ سات دنوں سے زیادہ کام کرنے سے محروم رہے، تو آپ کو حادثہ ہونے کے 18 دنوں کے اندر یا جس دن بیمہ کار کو مطلع کیا گیا اس کے بعد 10 دنوں کے اندر ادائیگی کی جائے گی۔ اگر آپ کا کیس متنازعہ ہے، تو آپ کو اپنے دعوے کا تعین کرنے کے لیے سماعت میں شریک ہونا ہو گا۔ اوسطاً، جس تاریخ کو دعویٰ متنازعہ کیا گیا تھا اس سے 28 دنوں میں سماعت شیڈول کی جائے گی۔

## لسانی معاونت

بورڈ آپ کو مطلوب کسی بھی زبان میں دستاویزات کا ترجمہ کرے گا۔ یہ آپ کی سماعت کے لیے، آپ کو بلامعاوضہ مترجم بھی فراہم کرے گا۔ براہ کرم ترجمہ یا ترجمانی کا انتظام کروانے کے لیے (877) 632-4996 پر کال کریں۔ اگر آپ ورچوئل سماعتیں استعمال کر رہے ہیں، تو آپ کے پاس چیک ان کے عمل کے دوران مترجم کی درخواست کرنے کا اختیار بھی ہے۔

## مدد دستیاب ہے

اگر آپ کو اپنے دعوے کے سلسلے میں مشکلات درپیش ہوں، تو بورڈ کا **ایڈوکیٹ برائے زخمی کارکنان** آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ اگر آپ کو کام پر واپس آنے کے سلسلے میں مدد درکار ہو، تو آپ کا آجر آپ کو متبادل یا کم ڈیوٹی کے حامل کام دے سکتا ہے تاکہ آپ صحت یاب ہونے تک کام کر سکیں۔ بورڈ کے پیشہ ورانہ بحالی کے صلاح کار آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنی چوٹ کے نتیجے میں خاندانی یا مالی مسائل کا سامنا ہے، تو بورڈ کے پاس لائسنس یافتہ ماہر سماجی کارکنان موجود ہیں جو آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ ان سروسز کے بارے میں معلوم کرنے کے لیے بورڈ کو کال کریں، یا wcb.ny.gov/returntowork/ ملاحظہ کریں۔

UR-INJ-FileAClaim-fs-v3.8-21 Urdu

نیو یارک ورکرز کمپنسیشن بورڈ فوائد کی مناسب فراہمی کو یقینی بنا کر اور قانون کی تعمیل کو فروغ دیتے ہوئے ملازمین اور آجروں کے حقوق کی حفاظت کرتا ہے۔ ورکرز کمپنسیشن بورڈ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، wcb.ny.gov ملاحظہ کریں۔